نوٹس نیلام عام برائے عارضی منڈی مویشیاں عیدالضحیٰ 2026

عوام الناس کی آگاہی کیلئے بذریعہ اشتہار ہذا مشتہر کیا جاتا ہے کہ لاہور کنٹونمنٹ بورڈ وسیع عریض رقبہ پر محیط اور محفوظ (چار دیواری گیٹ) واقع ایل سی بی/این ایل سی کمپاؤنڈ لاہور روڈ، ڈان گراؤنڈ نزد غلام احمد پارک، اولڈ کراچی محلہ گراؤنڈ صدر میں قربانی/عیدالضحیٰ 2026ء کے جانوروں کی عارضی منڈی کے حقوق وصولی انٹری فیس کا نیلام عام درج ذیل شرائط وضوابط پر مورخہ 11 مئی 2026ء بوقت 11:00 بجے دن دفتر لاہور کنٹونمنٹ بورڈ بمقام 42- سرور روڈ لاہور کینٹ انعقاد کرے گا۔

شرائط وضوابط:-

1۔ ہر شمولیت کنندہ کو بولی میں حصہ لینے کیلئے مبلغ -/Rs. 10,00,000 روپے کال ڈپازٹ کسی بھی بینک سے بذریعہ سی ڈی آر / پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر، دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔ جو کہ ماسوائے کامیاب بولی دہندہ کے قابل واپسی ہونگے۔

2۔ کامیاب بولی دہندہ بیوپاری حضرات سے درج ذیل شرح کے مطابق فیس وصول کرے گا۔

شرح وصولی انٹری فیس:-

نمبر شمار	جانوروں کی قسم	جانور (فی کس)
1	بڑا جانور (اونٹ، بھینس، گائے، بیل وغیرہ)	2000/-
2	چھوٹا جانور (بکرا، بھیڑ، دنبہ وغیرہ)	1000/-

نوٹ:- کامیاب بولی دہندہ جانوروں کیلئے مختص کردہ جگہ برائے سٹال سے مبلغ -/250 روپے فی مربع گز کے حساب سے فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو عارضی منڈی کا قبضہ بولی کی کامیابی والے دن سے مورخہ 13 ذی الحج تک دیا جائیگا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کو جگہ کا قبضہ درج ذیل ادائیگیاں کرنے کے بعد دیا جائیگا۔

ا۔ کامیاب بولی دہندہ کو رقم کا 100% پیشگی جمع کروانا ہوگا۔

ب۔ انکم ٹیکس مروجہ قوانین کے مطابق جمع کرانا لازم ہوگا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ مندرجہ بالا ریٹ کے علاوہ اور کسی قسم کی وصولی کا مجاز نہ ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ مذکورہ بالا جگہ پر بجلی (الیکٹرک جنریٹر) اور سکیورٹی کا خود ذمہ دار ہوگا۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا۔ جانوروں کیلئے خوراک، پانی اور سایہ کا بندوبست ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا۔

8۔ جانوروں کی خرید وفروخت صرف (مقررہ منڈی) میں ہوگی اور اس کے علاوہ کسی بھی فرد/افراد کو لاہور کینٹ کی حدود میں منڈی لگانے اور جانوروں کی خرید وفروخت کی اجازت نہ ہوگی نیز کامیاب بولی دہندہ (مقررہ منڈی) سے ہی فیس وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

9۔ ٹھیکیدار جانوروں کی انٹری فیس کے علاوہ جانوروں کی بڑی گاڑی (چھ ویلر تک) مبلغ -/600 روپے، ٹرک، مزدا، شہ زور مبلغ -/400 روپے اور لوڈر رکشہ سے مبلغ -/200 روپے فی پھیرا وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

10۔ کنٹونمنٹ بورڈ/سی ای او کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ مذکورہ نیلامی کو یا کسی بھی انفرادی بولی دہندہ کو بغیر کوئی وجہ بتائے منسوخ کردے۔

11۔ شرائط وضوابط ودیگر تفصیلات کینٹ بورڈ لاہور اور PPRA Websites پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

12۔ اگر نیلامی مذکورہ مندرجہ بالا مقررہ تاریخ کو کسی بھی وجہ سے منعقد نہ ہو پائی تو یہ نیلامی مورخہ 12 یا 13 مئی 2026ء بوقت 11:00 بجے ہوگی جس کیلئے کوئی علیحدہ نوٹس جاری نہ کیا جائے گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر